21 دسمبر 2021ء

## گورنر اسٹیٹ بینک کی ایس ایم ای آسان فنانس اسکیم کے تحت ملتان میں قرضوں کی تقسیم کی تقریب میں شرکت

ملتان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایم سی سی آئی) کے دورے کے موقع پر آج گورنر بینک دولت پاکستان ڈاکٹر رضا باقر نے چیک تقسیم کرنے کی تقریب میں شرکت کی، جسے ایس ایم ای آسان فنانس اسکیم (SAAF) کے تحت میزان بینک کی جانب سے قرضوں کے پہلے مجموعے کی تقسیم کے لیے منعقد کیا گیا تھا۔

سامعین سے خطاب میں گورنر نے معیشت کے لیے ایس ایم ای شعبے کی اہمیت پر زور دیا اور اس ضمن میں اسٹیٹ بینک کے اقدامات کو اجاگر کیا جو یہ ہیں: (i) ایس ایم ای قرضوں کے لیے ساز گار ضوابطی ماحول کی فراہمی (ii) مارکیٹ انفراسٹرکچر کو ترقی دینا اور (iii) آگاہی پیدا کرنا اور بینکاروں اور ایس ایم ایز کی استعداد میں اضافہ کرنا۔ گورنر نے ایوان تجارت وصنعت ملتان کے تمام اراکین کے ساتھ ساتھ کاروباری مالکان اور ایس ایم ایز کی حوصلہ افزائی کی، تاکہ وہ اپنے کاروباری اداروں کے قیام اور اپ گریڈ کے لیے اسکیم سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں۔

ایک اہم ضرورت کو پورا کرتے ہوئے صاف (SAAF) ایس ایم ایز کو بینکوں سے بلاضمانت قرضے حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرتا ہے، تاکہ ان کی مالی شمولیت کو بڑھایا جا سکے۔ اسکیم کے تحت ایس ایم ایز اپنے طویل مدتی سرمایہ اخراجات اور قلیل مدتی ورکنگ کیپیٹل کی ضروریات پوری کرنے کے لیے 9 فیصد سالانہ کی بارعایت صارفی شرح پر 10 ملین روپے تک بلاضمانت قرضے حاصل کرسکتے ہیں۔ اسکیم بینکوں کو بھی مناسب spread کی پیشکش کرتی ہے تاکہ وہ اپنے طریقوں، نظاموں، افرادی قوت اور ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری کے قابل ہو سکیں؛ تاکہ جب صاف اسکیم مکمل ہو جائے تو بینک پائیدار بنیادوں پر ضمانت کے بغیر قرضوں کی فراہمی جاری رکھ سکیں۔ صاف ایک منفرد سہولت ہے، جس میں اسٹیٹ بینک ری فنانس فراہم کرتا ہے جبکہ حکومت پاکستان 60 فیصد خطرے کی کوریج فراہم کرتی ہے۔

اسٹیٹ بینک نے 16 اگست 2021ء کو صاف اسکیم کا آغاز کیا اور آٹھ بینکوں کو بولی کے شفاف عمل کے ذریعے منتخب کیا گیا تھا۔ میزان بینک کے ساتھ ساتھ سات دیگر بینک بشمول حبیب بینک لمیٹڈ، یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ، پنجاب بینک، بینک الفلاح لمیٹڈ، جے ایس بینک لمیٹڈ، بینک آف خیبر اور الائیڈ بینک لمیٹڈ اگلے مہینے کے شروع میں صاف اسکیم کے تحت قرضوں کا اجرا کریں گے۔ قرضے حاصل کرنے کے خواہش مند ایس ایم ای ادارے صاف اسکیم کے تحت ضمانت کے بغیر قرضوں کے حصول کے لیے ان آٹھ میں سے کسی بھی بینک سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ صاف اسکیم کی تفصیلات اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ کے اِس لنک پر دستیاب ہیں https://www.sbp.org.pk/smefd/circulars/2021/C9.htm۔

صاف اسکیم کے تحت قرضوں کے حصول کے حوالے سے کسی سوال یا شکایت کی صورت میں اِس ای میل ایڈریس پر اسٹیٹ بینک سے رابطہ کیا جاسکتا ہے incentive.schemes@sbp.org.pk۔

*********